36906-مردوں کو سونے کی انگوٹھی فروخت کرنا

سوال

اگر تاجر کو یہ یقین ہو کہ خریدار انگوٹھی خود پہنے گا تو مردوں کے لیے مخصوص تیار کردہ سونے کی انگوٹھی فروخت کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر فروخت کرنے والے کو علم ہو جائے، یا اس کا غالب گمان ہو کہ خریدار سونے کی انگوٹھی خود پہنے گا، تو اسے سونے کی انگوٹھی فروخت کرنا حرام ہے، کیونکہ اس امت کے مردوں کے لیے سونا پہننا حرام ہے، تو اگر اس شخص کو فروخت کرے جس کے متعلق اسے علم ہو یا اس کا غالب گمان ہو کہ خریدار خود سونے کی انگوٹھی پہنے گا تو اس نے گناہ اور معصیت میں اس کی معاونت کی.

اور اللہ سبحانہ وتعالی نے گناہ وظلم وزیادتی پر تعاون کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا ہے :

.{اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون کرتے رہا کرو، اور گناہ اور ظلم وزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو}. المآئدۃ (2).

اس لیے سنار کے لیے مردوں کے پہننے کے لیے سونے کی انگوٹھیاں تیار کرنا حلال نہیں ہیں.